© rasailojaraid.com



پیدل جا رہے ہوں اور ایجاب وقبول کریں۔ ایک دوسرے کو دیکھ رہے ہوں۔ ایک دوسرے کی آواز بھی سن رہے ہوں تو عقد بالکل درست ہوگا۔

ایجاب وقبول میں اتحاد مکان مقصود نہیں بلکہ اقتران واتصال مقصود ہے۔ پس ویڈیو کانفرنسنگ میں جب دو معاملہ کرنیوالے نہ صرف بات کر سکتے ہوں بلکہ ایک دوسرے کو دیکھ رہے ہوں اور ان کو یقین کامل ہو کہ گفتگو اور دیکھنا صحیح ہے تو اسے مجلس کا اتحاد قرار دیا جائے گا یعنی مثل مجلس اتحاد کا معاملہ کیا جائے گا۔ مگر اس بات کا یقین کامل ہونا چاہیے کہ اس میں دھوکہ کا امکان نہیں ہے۔

(۲) انٹرنیٹ کے ذریعے خرید وفروخت کا معاملہ شرعاً منعقد ہو جائے گا۔ اگر طرفین کو یقین کامل ہو کہ معاملہ ان ہی کے درمیان ہو رہا ہے جو ایک دوسرے کو پہچانتے ہیں اور کوئی شائبہ ادنیٰ قسم کے فریب یا دھوکہ کا ممکن نہ ہو۔

۳۔ یہاں بھی وہی بات ہے کہ انٹرنیٹ کے ذریعے جو دو گواہ ایجاب وقبول دیکھ رہے ہوں ان کو طرفین کا یقین کامل ہو۔ ہر طرح سے اطمینان ہو اور کوئی ادنیٰ سا شبہ' دھوکہ یا فریب کا نہ ہو تو ایسی صورت میں نکاح منعقد ہو جائے گا۔

۴۔ اگر انٹرنیٹ پر معاملہ کی تفصیل تیسرے شخص کو حاصل ہو جائے تو اس کیلئے اس تفصیل کی بنا پر تجارت میں زیادہ فائدہ اٹھانا جائز نہ ہوگا۔ اس کیلئے اس تجارتی معاملہ میں دخل دینا بھی مناسب ہرگز نہیں ہوگا۔ یہاں وہی معاملہ ہے کہ جیسا کہ حدیث میں نکاح میں کسی کے پیغام پر پیغام دینے کی ممانعت آئی ہے۔

۵۔ وڈیو کانفرنسنگ میں کیونکہ خرید وفروخت کرنے والے نہ صرف ایک دوسرے سے بات چیت کر سکتے ہیں بلکہ ایک دوسرے کو دیکھ بھی رہے ہوتے ہیں۔ اس کا ریکارڈ بھی محفوظ ہوتا ہے۔ ایسی صورت میں تجارت بالکل جائز قرار دی جائے گی۔ اسی طرح شئی کا تعین ضروری ہے۔ مثلاً فلاں برانڈ کے اتنے گھی کے ڈبے فروخت کرتا ہوں۔ یہ نہ ہو کہ سودا کسی برانڈ کا ہو اور سپلائی کوئی اور برانڈ کر دیا جائے۔ یعنی شئی کا تفصیلی تعین کر دیا جائے اور شک وشبہ یا دھوکہ کا کوئی امکان باقی نہ رہے۔

۶۔ فون پر نکاح ہو سکتا ہے۔ بشرطیکہ دولہا دولہن کے علاوہ دونوں طرف کے اولیاء بھی شامل ہوں۔ یہاں بھی ضروری ہے کہ بلا کسی شک وشبہ کے اشخاص اور گواہوں کا تعین ہو۔ یعنی

© rasailojaraid.com